مجلہ طالبان 34

شعبان المعظم/1446ھ ق فروری/2025ء

Mujalla Taliban

https://umnews.net @umarmedia

فہرست مضامین

اداریہ

ہمارے دشمن کی غیر سنجیدگی

گزشتہ کچھ دنوں سے آپ نے لکی مروت میں گرفتار کردہ اہلکاروں کے حوالے سے گردش کرتی خبریں دیکھی ہوں گی۔ اس حوالے سے ایک طرف تحریک طالبان پاکستان کے واضح پیغامات اور قوم کے ساتھ مصالحت پر مبنی موقف ہے تو دوسری طرف برطانیہ کی باقیات اور ملک پر مسلط شدہ طبقہ کی ہٹ دھرمیاں ہیں کہ کبھی قیدیوں کو گولیاں مار کر زخمی کر کے یہ دکھانے کی کوشش کی کہ انہیں آپریشن میں رہا کروایا گیا ہے تو کبھی قیدیوں پر بمباری کرتا ہے۔ اس حوالے سے اگر کسی کو شک ہو تو وہ لکی مروت جا کر حالات کا جائزہ لے سکتا ہے۔

اس کے علاوہ فوج کی جانب سے لکی مروت سمیت مختلف قبائلی و بندوبستی علاقوں میں امن لشکر/امن کمیٹی کے نام سے قومی لشکر تیار کرنے کی ڈھکی چھپی کوششیں بھی جاری ہیں، جس کا واضح مطلب اولا تو یہ ہے کہ 90% بجٹ کھانے والی لاکھوں کی فوج انتہائی کم وسائل سے لیس مجاہدین کے مقابلے سے ایک مرتبہ پھر پیچھے ہٹ رہی ہے۔ اور دوسری اہم بات یہ کہ قوم کو مجاہدین کے ساتھ الجھا کر ایک مرتبہ پھر یہ باور دلانے کی کوشش کی جائے گی کہ یہ مجاہدین قوم کے دشمن ہیں مگر ایسا نہیں ہے، تحریک طالبان پاکستان کی قیادت نے قوم کو بارہا خبردار کیا ہے کہ وہ اس جنگ کا ایندھن نہ بنیں۔ فوج تو چاہتی ہی یہ ہے جنگ بھی ہو اوران
ایندھن نہ بنیں۔ فوج تو چاہتی ہی یہ ہے جنگ بھی ہو اوران
کی عیاشیاں بھی جاری رہیں، جس کیلئے قومی لشکر تیار کرنا ایک بہتر آپشن ہے۔

ایک اہم بات جو پاک-افغان تعلقات سے بھی جڑی ہے، وہ یہ کہ فوج اور وزارت خارجہ حسب معمول ہمارے آپریشنز کے بعد بیانیہ جاری کر رہا ہے کہ "دہشتگرد افغانستان سے آئے تھے اور ان کے پاس امریکی اسلحہ تھا"۔ سنجیدگی کے ساتھ بات کریں تو اس سوال کا کیا جواب ہو گا کہ ہماری اعلی قیادت، مولانا طہ رحمہ اللہ رکن رہبری شوری، قاری اسماعیل رحمہ اللہ والی خیبر، استاد قریشی رحمہ اللہ نائب والی ملاکنڈ کی شہادتیں۔۔۔

روزانہ کی بنیاد پر ڈرون حملوں کا ہونا اور حتی کہ اوسطا ماہانہ دس بارہ اہلکاروں کو گرفتار کرنا اور ایک درجن سے زائد حملے کرنا۔۔۔ کیا یہ ہماری ملک کے اندر ہی موجودگی پر دال نہیں ہے؟ اگر ہاں تو ٹھیک ورنہ پوری قوم سمجھ چکی ہے کہ ہمارا دشمن دشمنی میں بھی انتہائی غیر سنجیدہ ہے۔

ماہِ شعبان کے احکام و فضائل

مولانا ابو شعیب محمد اصغر

شعبان کی وجہ تسمیہ اور لفظِ شعبان کی حقیقت :

شعبان المعظم ہجری سال کا آٹھواں مہینہ ہے، شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ نے اپنی کتاب ''ما ثبت بالسنۃ'' میں حضرت انس بن مالکؓ کے حوالہ سے یہ بیان فرمایا ہے کہ روزہ دار کی نیکیوں (کے ثواب) میں درخت کی شاخوں کی طرح اضافہ ہوتا ہے، کیونکہ شعبان کے مہینے میں بہت سی نیکیاں تقسیم کی جاتی ہیں، جیسے رمضان کے مہینے میں گناہ جلا دیئے جاتے ہیں، اس وجہ سے اس کو شعبان کہتے ہیں۔

شعبان کا لفظ عربی گرائمر کے اعتبار سے ''شعب'' سے بنا ہے، جس کے لفظی معنی شاخ در شاخ کے ہیں، اس مہینے میں چونکہ خیر و برکت کی شاخیں پھوٹتی ہیں، اور روزہ دار کی نیکیوں میں درخت کی شاخوں کی طرح اضافہ ہوتا ہے، اس وجہ سے اس کو شعبان کہا جاتا ہے۔

ماہِ شعبان کی فضیلت و اہمیت :

اللہ تعالیٰ نے انسان کی زندگی کو بڑا قیمتی بنایا ہے، اس کو اپنی رحمتِ خاصہ اور برکتِ تامہ سے نوازنے کی لیے مختلف مواقع عطا فرمائے ہیں، پہلی اُمتوں کی عمریں لمبی اور جسمانی قوتیں مضبوط ہوتی تھیں، اس کے مقابلے میں اُمتِ محمدیہ کی عمریں بھی کم ہیں، اور صحت کے اعتبار سے بھی کمزور ہیں، اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے طفیل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو خاص انعامات اور اعزازات سے نوازا ہے کہ محنت تھوڑی اور بدلہ لا محدود، بے انتہا اجر و ثواب کی سعادت اس امت کو حاصل ہے۔ چونکہ شعبان کا مہینہ رمضان کا مقدمہ ہے، جیسا کہ شوال کا مہینہ رمضان کا تتمہ ہے، اسی وجہ سے اس مہینے کو خاص فضیلت حاصل ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ :

''شعبان کے چاند کا شمار رکھو، رمضان کے لیے۔'' (سننِ ترمذی)

یعنی جب ماہِ شعبان کی تاریخ صحیح ہوگی تو رمضان میں غلطی نہیں ہوگی، چنانچہ :

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کا اتنا خیال رکھتے تھے کہ کسی ماہ (کے چاند) کا اتنا خیال نہ فرماتے تھے۔'' (سننِ ابو داوٗد)

ان روایتوں سے قولاً و فعلاً اس ماہ کے چاند کا اہتمام ثابت ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ : ''میں نے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پایا تو پھر ناگہاں وہ بقیع میں پائے گئے، تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ : اے عائشہ! کیا تمہیں اس بات کا ڈر تھا کہ اللہ اور اس کا رسول تم پر ظلم کریں گے؟ میں نے کہا : اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے خیال کیا کہ شاید آپ ازواجِ مطہرات میں سے کسی کے پاس تشریف لے گئے ہوں گے، اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ : بے شک اللہ تعالیٰ شعبان کی پندرہویں شب کو آسمانِ دنیا پر نزول فرماتے ہیں، اور قبیلہ کلب کی بکریوں کے بالوں کی تعداد سے زیادہ گنہگاروں کی بخشش فرماتے ہیں۔''

مؤرخین نے لکھا ہے کہ قبیلہ کلب کے پاس تقریباً بیس ہزار بکریاں تھیں۔

حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ :

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزے نہیں رکھتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم (تقریباً) پورے شعبان کے روزے رکھتے تھے اور فرماتے : نیک عمل اتنا ہی کیا کرو، جتنی تمہاری طاقت ہے، کیونکہ اللہ ثواب دینے سے تھکے گا نہیں، تم ہی تھک جاؤگے۔''

(بخاری، ج : ۲)

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نوّر اللہ مرقدہٗ بعض بزرگوں سے منقول خاص نوافل کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

''اورادکی بعض کتابوں میں جوپندرہویں شعبان میں خاص نوافل کی تحریر ہے، یہ کوئی قید نہیں ہے، اور جوچیز شرعاً بے قید ہو، اس کو بے قید ہی رکھو، چونکہ حدیث میں نوافل کی کوئی قید نہیں آئی، بلکہ جوعبادت آسان ہووہ کرلو، اس میں نوافل بھی آگئے، اور وہ بھی کسی ہیئت کے بغیر۔'' (حقیقتِ عبادت: ۴۶۶)

شبِ براءت اسلام میں ایک مبارک رات ہے، جس کی فضیلت بہت سی احادیث سے ثابت ہے، بعض لوگ سرے سے اس مبارک رات کے کسی قسم کی فضیلت کے ہی قائل نہیں، جبکہ بعض لوگ اس کو شبِ قدر کے ہم پلہ سمجھتے ہیں، یہ دونوں موقف درست نہیں، بموجبِ حدیث اس رات میں بے شمار گناہ گاروں کی مغفرت اور مجرموں کی بخشش کی جاتی ہے، اور جہنم کے عذاب سے چھٹکارا ملتا ہے، اس لیے عرف میں اس کا نام شبِ براءت مشہور ہوگیا، احادیث میں اس رات کا کوئی مخصوص نام نہیں، بلکہ ''لیلۃ النصف من شعبان'' کہہ کراس کی فضیلت بیان کی گئی، (ایک سال کی) زندگی، موت، رزق کے فیصلے اسی رات میں ہوتے ہیں۔

حضرت عائشہ صدّیقہؓ روایت کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ اس رات (پندرہویں شعبان) میں کیا ہے؟ عائشہ صدّیقہؓ نے عرض کی کہ: اے اللہ کے رسول! اس رات میں کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جس بچے نے اس سال میں پیدا ہونا ہوتا ہے، وہ اس رات میں لکھا جاتا ہے، اور اس سال میں جو بنی آدم ہلاک ہونے والا ہوتا ہے، اس کا نام لکھا جاتا ہے، اور اس رات میں ان کے اعمال اُٹھالیے جاتے ہیں، اور اسی رات میں ان کے رزق نازل ہوتے ہیں، پھر عائشہ صدیقہؓ نے کہا کہ: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کوئی بھی ایسا نہیں کہ جو اللہ کی رحمت کے بغیر جنت میں داخل ہو، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: کوئی بھی ایسا نہیں کہ جو اللہ کی رحمت کے بغیر جنت میں جاسکے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلمہ تین دفعہ ارشاد فرمایا، تو میں نے کہا کہ آپ بھی اللہ کی رحمت کے بغیر جنت میں نہیں جاسکیں گے؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک سر پر رکھ کر فرمایا: اور میں بھی نہیں جاسکوں گا، مگر اس صورت میں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت سے ڈھانپ لے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلمہ تین دفعہ ارشاد فرمایا۔ (رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر)

شبِ براءت کے کام

۱:- عبادت ودعاکرنا

اکثر علماء، فقہاء اور محدثین کی رائے یہ ہے کہ شعبان کی پندرہویں رات فضیلت والی رات ہے، اس میں تنہا عبادت (نوافل، دعاوغیرہ) باعثِ خیروبرکت اور مستحب عمل ہے، اگر اس کو واجب سمجھا جائے، تو یہ بدعت بن جائے گا۔

۲: قبرستان جاکر دعائے مغفرت کرنا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پندرہ شعبان کی رات کو خلافِ معمول زندگی میں صرف ایک بار قبرستان تشریف لے گئے، ہر سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول نہ تھا، اس وجہ سے اس کو ہر سال لازم سمجھ کر کرنا' دین میں اضافہ کرنا ہے، علماء نے لکھا ہے کہ صرف مرد حضرات کبھی کبھار جایا کریں۔

۳: پندرہویں شعبان کے روزے کا حکم:

پندرہ شعبان کے دن روزہ رکھنے کا ذکر ایک ضعیف حدیث میں ملتا ہے، محدثین حضرات نے صرف ایک راوی کے قوتِ حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے اس کو ضعیف کہا ہے، چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب شعبان کی پندرہویں رات ہو، تو اس رات کو قیام (عبادت) میں گزارو، اور اس کے دن میں روزہ رکھو، اس لیے کہ اس رات میں اللہ تعالیٰ کی تجلی آفتاب کے غروب ہونے کے وقت سے ہی آسمانِ دنیا پر ظاہر ہوتی ہے، پس فرماتا ہے: خبردار! کوئی بخشش مانگنے والا ہے کہ اس کو بخش دوں؟ خبردار! کوئی رزق لینے والا ہے کہ اس کو رزق دوں؟ خبردار! کوئی مصیبت زدہ ہے کہ (وہ عافیت کی دعا مانگے، اور

میں) اس کو چھڑادوں؟ خبردار! کوئی فلاں فلاں حاجت والا ہے؟ طلوعِ صبحِ صادق تک اللہ تعالیٰ یہی آواز دیتا رہتا ہے (رات بھر یہی رحمت کا دریا بہتا رہتا ہے)۔ (رواہ ابن ماجہ، وروح المعانی)

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

"المرغوبات من الصّيام أنواع: أوّلها صوم المحرّم، والثاني صوم رجب، والثالث صوم شعبان الخ۔" (ج: ۱، ص:۱۰۳، ط: عالمگیری)

اس سے معلوم ہوا کہ پندرہ شعبان کا روزہ فقہاء کے ہاں شرعاً مطلوب اور مرغوب ہے، نیز اکابرِ امت کا اسی پر تعامل ہے، گویا کہ اسے تلقی بالقبول حاصل ہے اور حضرات محدّثین کے اصول کے مطابق ضعیف حدیث کو اگر تلقی بالقبول حاصل ہو جائے، تو وہ حدیث صحیح کے حکم میں ہو جاتی ہے، (ویسے بھی فضائلِ اعمال میں ضعیف حدیث کا معتبر ہونا بھی مسلّم ہے)، جیسا کہ اعلاء السنن کے مقدمہ (ص: ۳۹) پر ہے:

"قد یحکم للحدیث بالصحۃ إذا تلقاہ الناس بالقبول وإن لم یکن لہ إسناد صحیح۔"

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، حضرت مفتی محمد شفیعؒ، حضرت مفتی محمود گنگوہیؒ ودیگر علماء کی تصریحات کے مطابق اس دن روزہ رکھنا مستحب ہے، رکھ لیا جائے تو ثواب ہے، اور نہ رکھیں تو گناہ نہیں۔

شبِ براءت کی برکات سے محروم افراد

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"شعبان کی پندرہویں رات اللہ عز وجل اپنی مخلوق کی طرف رحمت کی نظر فرماتے ہیں، سوائے دو شخصوں کے باقی سب کی مغفرت فرماتے ہیں: ۱۔ کینہ پرور، ۲۔ دوسرے کسی کو ناحق قتل کرنے والا۔" (مسند احمد بن حنبل، ج: ۲، ص: ۱۷۶)

شبِ براءت کی بدعات:

۱: آتش بازی: آتش بازی مجوسیوں کی نقل ہے، اور آگ قہرِ الٰہی کا نشان ہے، اسی وجہ سے فقہاء نے لکھا ہے کہ قبرستان میں آگ لے جانا منع ہے اور آگ کے ساتھ کھیلنا یہ اہلِ اسلام کا کام نہیں، بہر حال حدیث پاک میں آتا ہے:

"مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔"

ترجمہ: "جو شخص کسی قوم کی مشابہت اختیار کرے گا، وہ انہی میں سے ہوگا۔"

نیز یہ آتش بازی ہندوؤں کی مشہور تہوار دیوالی کی نقل ہے۔ اور اس کے علاوہ یہ آتش بازی، بم، پھلجھڑی اور پٹاخے پھوڑنا کئی گناہوں کا مجموعہ ہے: ۱: عبادت میں مشغول لوگوں کی عبادت میں بلاوجہ دخل اندازی کا گناہ ہے۔ ۲: اہلِ محلہ اور مریضوں کو بلاوجہ ایذا پہنچانے کا گناہ ہے۔ ۳: اپنی جان کو بلاوجہ خطرے میں ڈالنے کا گناہ ہے۔ ۴: بلاوجہ اسراف کا گناہ ہے، یہ رسم نہ صرف یہ کہ ایک بے لذّت گناہ ہے، بلکہ اس کی دینی ودنیوی تباہ کاریاں بھی ہمیشہ آنکھوں کے سامنے آتی ہیں۔

۲: چراغاں کرنا: مسجدوں، بازاروں، گھروں اور خاص خاص مقامات کو سجایا جاتا ہے، قمقمے روشن کیے جاتے ہیں، لائٹ کا اضافہ کیا جاتا ہے، ضرورت سے زائد گھروں سے باہر دروازوں پر کئی کئی چراغ روشن کیے جاتے ہیں، اور بعض جگہ تو مکانوں کی چھتوں پر موم بتیاں جلائی جاتی ہیں، اور دیواروں پر قطار در قطار چراغ رکھ دیئے جاتے ہیں، یہ چراغاں اسلامی شعار نہیں، یہ سب بے جا اسراف اور فضول خرچی ہے، اس کو قرآن پاک یوں بیان کرتا ہے:

"اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ" (بنی اسرائیل: ۲۷)

ترجمہ: "بے شک فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں۔"

ایک اور مقام پر قرآن پاک نے اس کو یوں بیان کیا ہے:

"وَلَاتُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَايُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ" (الاعراف: ۳۱)

ترجمہ: "اور اسراف نہ کرو، بلاشبہ اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔"

علی بن ابراہیمؒ نے کہا ہے کہ روشنی کی بدعت اوّل برامکہ سے شروع ہوئی جو ایک آتش پرست قوم گزری ہے، وہ قوم مسلمان تو ہو گئی، لیکن آتش پرستی کے اثرات پھر بھی ان کی زندگی میں

نمایاں تھے، یہ لوگ اس موقع پر خاص طور سے روشنی کا اہتمام کرتے تھے، عباسی خلیفہ ہارون الرشید اور مامون الرشید کے دورِخلافت میں قوم برامکہ کو عروج حاصل تھا، جس کی وجہ سے یہ منکرات اہلِ اسلام میں رواج پا گئیں۔

۳: حلوہ: بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دندان مبارک جب شہید ہوا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلوہ نوش فرمایا تھا، اس کی کوئی اصل نہیں، نیز اس کا اعتقاد شرعاً جائز نہیں اور عقلاً بھی ممکن نہیں، کیونکہ دندان مبارک کی شہادت کا واقعہ شوّال کا ہے، شعبان کا نہیں۔

۴: مسجدوں میں اجتماع کا اہتمام: مبارک راتوں میں عبادت کا اہتمام اپنے گھروں میں کرنا چاہیے، بالخصوص شبِ براءت کے موقع پر، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرۂ مبارکہ میں ہی اس رات کی عبادت کی تھی، مسجد میں آپ تشریف نہیں لے گئے تھے، اب اگر اجتماع کا التزام ہو تو وہ بدعت شمار ہوگا۔

۵: نوافل کی جماعت: مبارک راتیں ہوں یا عام دن، عورتوں کا گھروں میں صلوٰۃ التسبیح کی جماعت کرانا اور مردوں کا مسجد میں صلوٰۃ التسبیح کی جماعت میں شریک ہونا یہ درست نہیں ہے، کیونکہ علماء عورتوں کے جماعت سے نماز پڑھنے کو منع فرماتے ہیں، جبکہ عندالاحناف نوافل کی جماعت نہیں۔

۶: قبروں پر پھول ڈالنا: حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے قبروں پر پھول اور چادریں چڑھانے کو سنت کی ضد قرار دیا ہے۔

۷: حضرت حمزہؓ کی فاتحہ: بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضرت امیر حمزہؓ کی شہادت ان دنوں میں ہوئی ہے، یہ ان کی فاتحہ ہے، اس کی کوئی اصل نہیں، اوّل تو تعیُّن تاریخ کی ضرورت نہیں، اور دوسرا خود یہ واقعہ بھی غلط ہے، کیونکہ آپؓ کی شہادت کا واقعہ شوال کا ہے، شعبان کا نہیں۔

۸: مُردوں کی روح: بعض لوگ اعتقاد رکھتے ہیں کہ شبِ براءت وغیرہ میں مُردوں کی روحیں گھروں میں آتی ہیں اور دیکھتی ہیں کہ کسی نے ہمارے لیے کچھ پکایا ہے کہ نہیں؟ اس کی بھی کوئی اصل نہیں ہے۔

۹: شبِ براءت کی فاتحہ: بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ جب شبِ براءت سے پہلے کوئی مر جائے تو جب تک اس کے لیے فاتحہ شبِ براءت نہ کیا جائے، وہ مُردوں میں شامل نہیں ہوتا، اور صرف اسی پر بس نہیں، بلکہ بعض جگہ پر تو رواج ہے کہ اگر تہوار سے پہلے کوئی مر جائے تو کنبہ بھر میں پہلا تہوار نہیں منایا جاتا ہے، جب کہ حدیث پاک میں مذکور ہے کہ جب مردہ مرتا ہے تو مرتے ہی اپنے جیسے لوگوں میں جا پہنچتا ہے، یہ نہیں کہ شبِ براءت تک اٹکا رہتا ہے۔

۱۰: ریاوتفاخر: اکثر اہلِ ثروت وبرادری کے لوگ ایک دوسرے کو بطور معاوضہ لیتے اور دیتے ہیں اور نیت اس میں یہی ہوتی ہے کہ فلاں شخص نے ہمارے یہاں بھیجا ہے، اگر ہم نہ بھیجیں گے تو وہ کیا کہے گا، الغرض اس میں بھی ریا اور تفاخر ہو جاتا ہے، کیونکہ نیت میں ہی خرابی ہے۔

۱۱: مسور کی دال: بعض لوگ اس تاریخ میں مسور کی دال ضرور پکاتے ہیں، اس کی بھی کوئی اصل نہیں ہے۔

۱۲: برتنوں کا بدلنا: یہ صرف کفّار کی نقل ہے۔

۱۳: گھر لیپنا: یہ صرف کفّار کی نقل ہے۔

۱۴: بی بی عائشہؓ کی روٹیاں بنانا: اس کی بھی کوئی اصل نہیں ہے، یہ سب باتیں بے بنیاد اور غلط ہیں۔

۱۵: قبرستان میں رات گزارنا: بعض لوگ شبِ براَت میں قبرستان جانے کا بڑا اہتمام کرتے ہیں، جماعتیں اور گروہ بنا کر قبرستان جاتے ہیں، اور ساری ساری رات قبرستان کی حاضری میں صرف کر دیتے ہیں، عبادت کا موقع ہی نہیں ملتا۔

۱۶: محفل نعت خوانی: بعض لوگ شبِ براءت کو لاؤڈ اسپیکر کھول کر محفلِ نعت خوانی کا اہتمام کرتے ہیں، اور بعض لوگ لاؤڈ اسپیکر پر ساری رات قرآن مجید پڑھ کر قرآن خوانی اور شبینہ کا اہتمام کرتے ہیں، جس سے دوسروں کی عبادات، ذکر واذکار اور آرام میں خلل واقع ہوتا ہے، عبادت کے نام پر دوسروں کو اذیت اور تکلیف دینے کا سبب بنتے ہیں، جو کہ حرام ہے۔


۱۷: چھ رکعات کا اہتمام: بعض لوگ شبِ براءت کو بعد نمازِ مغرب بڑے اہتمام کے ساتھ چھ رکعتیں پڑھتے ہیں، پہلی دو رکعت درازیِ عمر کی نیت سے، دوسری دو رکعت دفعِ بلا کی

نیت سے، اخیر کی دو رکعت کسی کا محتاج نہ ہونے کی نیت سے، اور ہر دو رکعت کے بعد سورۂ یاسین بھی پڑھی جاتی ہے، شریعتِ مطہرہ میں اس کا کوئی ثبوت نہیں، البتہ اس رات میں جتنی چاہیں نفل نمازیں پڑھ سکتے ہیں، درازیِ عمر، وسعتِ رزق، اور آفات وبلیات سے حفاظت کی دعا وغیرہ کر سکتے ہیں، جیساکہ عام دنوں میں کر سکتے ہیں۔ (فتاویٰ رحیمیہ)

ربِ لم یزل پروردگارِ عالم ہم سب کو شعبان کے برکات نصیب فرمائے، اور صحت وعافیت کے ساتھ رمضان المبارک کے روزے رکھنے اور دیگر عبادات کی توفیق عطا فرمائے، آمین یا رب العٰلمین!

شیر خیبر
قاری اسماعیل
شہید رحمہ اللہ

مولانا خالد قریشی



جنوری کی سرد صبح تھی، خاص طور پر خیبر ایجنسی کی سردی سے مجاہدین واقف ہی ہوں گے، جب خیبر ایجنسی کے سنگلاخ پہاڑوں میں ایک معرکہ برپا ہوا۔ یہ میدان بیک وقت فوجی کمین گاہ اور مجاہدین کا راستہ تھا، ایک دم گولیاں گرجیں اور بارود کی بو آئی، اور مجاہدین کی للکاریں فضاؤں میں گونج رہی تھیں۔ اسی معرکے میں مردِ مجاہد، بہادر سپہ سالار، شیر خیبر، والی خیبر قاری اسماعیل رحمہ اللہ اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے شہادت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوئے۔

قاری اسماعیل رحمہ اللہ ایک غیر معمولی شخصیت کے حامل تھے۔ ان کی جوانی دین کی سربلندی اور اسلامی نظام کے قیام کے لیے وقف رہی۔ وہ میدانِ قتال کے ایسے مسافر تھے جن کی زندگی کا ہر لمحہ جہاد کے لیے وقف تھا۔ انہوں نے نہ صرف اپنی جان بلکہ اپنا مال، وقت اور صلاحیتیں سب کچھ اس راہ میں لگا دیا۔ جب ساتھی انہیں محاذ سے مرکز لوٹنے کا کہتے تو وہ بات کو ادھر ادھر کر دیتے اور کوئی مذاق سنا کر بات چیت کا موضوع بدل دیتے۔ میں بذات خود ان کے ساتھ دو مرتبہ طویل سفر پر رہا مگر مجھے ان کی اس خوبی کا بلکل بھی اندازہ نہیں تھا، وہ کبھی اپنا کوئی واقعہ سناتے تو میں سمجھتا کہ قاری صاحب لڑکپن کا قصہ سنا رہے ہوں گے، اب یہ ایسے نہیں ہوں گے۔

قاری صاحب رحمہ اللہ کا محاذ پر ہونا اس لیے بھی ممتاز تھا کہ وہ اپنے بیٹے کو بھی ساتھ لیکر گئے تھے، جسے ایک باپ اور ایک ماں ہی سمجھ سکتے ہیں کہ یہ کتنا مشکل عمل ہے، یہی نہیں بلکہ وہ نو ماہ سے محاذ پر تھے اور مسلسل ساتھیوں کی تجہیز و ترسیل اور میدان کو گرم رکھنے میں مصروف عمل رہے۔ اور یہ پہلے شخص بھی نہیں بلکہ ہم نے استاد قریشی رحمہ اللہ معاون والی برائے ولایت ملاکنڈ کی صورت میں بھی دیکھا کہ ایک ہی لمحے میں دو بیویوں نے شوہر اور ایک ماں نے بیٹا کھو دیا، جبکہ کئی بہنیں باپ اور بھائی کی جدائی سہہ گئیں۔

ان دونوں شہداء سمیت مولانا طہٰ رحمہ اللہ (رکن رہبری شوری) کی شہادتوں نے دشمن کے منہ پر بھی زوردار طمانچہ رسید کیا، جو صبح شام ان کلمات کا ورد کرتا رہتا ہے کہ دشمن افغانستان سے آیا اور تحریک طالبان پاکستان کی قیادت افغانستان میں ہے۔

ان کی زندگی ہمیں سکھاتی ہے کہ جو لوگ سچائی کے راستے پر نکلتے ہیں، وہ کسی قیمت پر پیچھے نہیں ہٹتے۔ ان کی شہادت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ اسلام کی عزت، عظمت، اور سربلندی کے لیے ہمیں اپنی جانیں پیش کرنی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ قاری اسماعیل رحمہ اللہ کی قربانی کو قبول فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے، اور ہمیں بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

شاعر ماہر القادری لکھتے ہیں:

شہیدوں کے لہو سے جو زمیں سیراب ہوتی ہے
بڑی زرخیز ہوتی ہے بہت شاداب ہوتی ہے

جہاں سے غازیانِ ملّتِ بیضاء گزرتے ہیں
وہاں کی کنکری بھی گوہرِ شب تاب ہوتی ہے

فتح و کامیابی کا راز

احمد سنجار فاروقی

جہاد، جو ایمان کی بلند ترین منزل اور عمل کی انتہاء ہے، اپنی کامیابی کے لیے ایک مضبوط قیادت اور اس قیادت کی بے چوں و چرا اطاعت کا تقاضا کرتا ہے۔ اگر ہم تاریخِ اسلام پر نظر دوڑائیں، تو یہ حقیقت واضح ہوجاتی ہے کہ ہر کامیاب اسلامی تحریک کی اساس صرف اور صرف اطاعتِ امیر پر قائم رہی ہے۔ اطاعت وہ سنہرا اصول ہے جس نے مسلمانوں کو بدر کے میدان میں فتح کی لذت سے ہمکنار کیا، اور اسی اطاعت کی بدولت خلفائے راشدین کے دور میں اسلامی فتوحات کا پرچم بلند ہوا۔ لیکن جہاں بھی اس اصول سے انحراف کیا گیا، وہاں شکست اور ذلت کا سایہ در آیا۔ یہی اصول آج بھی جہاد کے ہر محاذ پر قائم و دائم ہے، اور ہر وہ جماعت جو اپنے امیر کی اطاعت میں پختہ اور ثابت قدم رہتی ہے، اللہ کی نصرت سے سرفراز ہوتی ہے۔ اس کے برعکس، جو لوگ اپنی خود رائی، انا اور ذاتی مفادات کے زیرِ اثر قیادت سے بغاوت یا اختلاف کرتے ہیں، وہ نہ صرف اپنی ذاتی تباہی کا سامان کرتے ہیں بلکہ اپنی تحریک کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ یہ وہ حقیقت ہے جو ہمیں قرآن، سنت اور اسلامی تاریخ میں قدم قدم پر نظر آتی ہے، اور یہی اصول ایک مجاہد کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ بنتی ہے۔

جماعت میں رہنا اس لیے ناگزیر ہے کہ یہ فرد کی توانائی کو مجتمع کر کے ایک ایسی طاقت میں بدل دیتی ہے جس کا مقابلہ کوئی بھی قوت نہیں کر سکتی۔ جماعت میں اتحاد اور قیادت کی اطاعت، ایک فرد کے ذاتی مفادات سے بڑھ کر پورے جہادی مقصد کی کامیابی کی ضامن ہے۔ جب افراد ایک متفقہ مقصد کے تحت قیادت کے زیرِ سایہ متحد ہوتے ہیں، تو ان کی طاقت یکجا ہو کر ایک مضبوط سیلاب کی صورت اختیار کر لیتی ہے، جسے کوئی بھی دشمن روک نہیں سکتا۔ اسلام میں کامیاب جماعتوں کی یہی پہچان ہے کہ ان کے افراد نے اپنی ذاتی خواہشات کو قیادت کے نظم و ضبط کے تابع کر لیا، جس سے انہیں اللہ تعالیٰ کی نصرت حاصل ہوئی اور وہ میدانِ جنگ میں سرخرو ہوئے۔ اسلام کی تاریخ گواہ ہے کہ جب کسی جماعت میں نظم، اتحاد اور قیادت کے ساتھ مکمل اطاعت کا رشتہ قائم رہا، تو کامیابی ان کا مقدر بنی، لیکن جہاں جماعتیں انتشار کا شکار ہوئیں، وہاں دشمن نے ان کی صفوں میں رخنہ ڈال کر ان کی قوت کو پارہ پارہ کر دیا۔

تاریخ کا سبق :

اللہ تعالیٰ نے ہر دور میں اپنے مقرر کردہ رہنماؤں کی اطاعت کا حکم دیا، اور اس کا سب سے پہلا اور اہم نمونہ حضرت آدم علیہ السلام کی داستان میں ملتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر خلیفہ مقرر کیا، تو فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ سجدہ کریں، اور تمام فرشتوں نے فوراً اطاعت کی، لیکن ابلیس نے تکبر و عجب کی راہ اختیار کی اور انکار کر دیا، جس کے نتیجے میں وہ ہمیشہ کے لیے مردود قرار پایا۔ یہی تکبر اور انانیت ہر دور میں فتنوں کی جڑ بنے ہیں، اور جب بھی کسی جماعت میں افراد اپنے آپ کو قیادت سے بالاتر سمجھنے لگتے ہیں، وہاں ٹوٹ پھوٹ اور اختلافات کی لہر چل پڑتی ہے۔ اسلامی تاریخ میں ایسی بے شمار مثالیں ملتی ہیں کہ جب مسلمانوں نے قیادت کے تحت متحد ہو کر دشمن کا مقابلہ کیا، تو کامیابی ان کا مقدر بنی، لیکن جب انہوں نے قیادت سے روگردانی کی، تو انتشار اور کمزوری نے ان کا دامن پکڑ لیا۔

تحریک طالبان پاکستان ایک وقت میں دنیا کی سب سے منظم اور مضبوط جہادی تحریکوں میں شمار ہوتی تھی، لیکن کچھ ماضی قریب کے کچھ ناخوشگوار حالات نے اس کے سفر میں رخنہ ڈال دیا ۔ جب یہ جماعت اپنے اصولوں پر قائم اور امیر کی اطاعت میں متحد تھی، تو اللہ کی نصرت نے اسے کامیابیاں عطا کیں، مگر جیسے ہی بعض افراد نے اپنی انا نیت اور خود غرضی کی بنیاد پر قیادت سے انحراف کیا، تحریک کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ۔ انتشار اور خلفشار کے سبب دشمن نے اس کی طاقت کو کمزور کرنے کا موقع پایا، اور نتیجتاً جماعت کئی دھڑوں میں تقسیم ہوگئی ۔ لیکن اللہ کے کرم سے امیر محترم ابو منصور عاصم مفتی نور ولی محسود صاحب حفظہ اللہ کی قیادت میں اس تحریک کو دوبارہ منظم کیا گیا، اور اس میں ایک نئی روح پھونکی گئی ۔ ان کی حکمت و بصیرت اور شرعی اصولوں پر مبنی قیادت نے جماعت کو نہ صرف داخلی استحکام دیا، بلکہ اس میں ایک نئی جہت پیدا کی ۔ آج تحریک طالبان پاکستان دوبارہ اپنی قوت مجتمع کر رہی ہے، مگر اس کے لیے ضروری ہے کہ ہر فرد ذاتی مفادات کو پسِ پشت ڈال کر امیر کی اطاعت کرے، تاکہ یہ تحریک ایک بار پھر اپنی اصل طاقت کے ساتھ ابھر سکے ۔ جب ایک مجاہد جہاد کا راستہ اختیار کرتا ہے، تو وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنی ذات، اپنے جذبات، اور اپنی خواہشات کو قربان کرتا ہے ۔ اگر کوئی شخص اپنی انا اور اپنے ذاتی نظریات کو جماعت پر مسلط کرنے کی کوشش کرتا ہے، تو وہ دراصل جہاد کے بنیادی اصولوں سے انحراف کر رہا ہے ۔ جماعت کی کامیابی صرف اسی وقت ممکن ہے جب ہر فرد اپنے امیر کی مکمل اطاعت کرے اور کسی بھی قسم کی خود مختاری یا گروہی تعصب سے گریز کرے ۔

فتح وعزت کا راستہ :

یہ وقت ہر مجاہد کے لیے خود احتسابی کا ہے کہ آیا وہ واقعی اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اس راستے پر آیا ہے، یا اس کے قدم اس کی انا اور ذاتی خواہشات کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں ۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ تحریک طالبان پاکستان اپنی عظمت کو دوبارہ بحال کرے اور اللہ کی مدد اس کے شاملِ حال ہو، تو ہمیں اپنے امیر کی قیادت میں متحد ہونا ہوگا ۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ اللہ کی نصرت صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو ایک قیادت کے تحت منظم اور مطیع ہوتے ہیں ۔ اگر ہم اطاعتِ امیر کے اس بنیادی اصول کو پسِ پشت ڈال دیں گے، تو نہ صرف اپنی دنیاوی کامیابی سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے، بلکہ آخرت میں بھی اللہ کے عذاب کے مستحق ہوں گے ۔ تاریخ گواہ ہے کہ جو قومیں اپنی قیادت کے ساتھ مخلص رہیں، وہی کامیابی سے ہمکنار ہوئیں، اور جو لوگ انتشار، سرکشی اور خود غرضی کا شکار ہوئے، وہ ذلت اور شکست کے گڑھے میں جا گرے ۔ آج بھی اگر ہم کامیابی کے طلبگار رہیں، تو ہمیں چاہیے کہ ہم اطاعتِ امیر کے اصول کو اپنائیں اور متحد ہو کر جہادِ پاکستان کے سب سے بڑی پلیٹ فارم تحریک طالبان پاکستان کے راستے پر آگے بڑھیں ۔ یہی وہ راستہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا، فتح اور عزت کی ضمانت دیتا ہے، اور یہی فتح و کامیابی کا راز ہے ۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ

اور گمان نہ کرو ان لوگوں پر جو قتل ہوئے اللہ تعالی کی راہ میں، عام مردوں کی طرح،
بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے ہاں انہیں رزق دیا جاتا ہے

سلسلہ یادِ شہداء

(05)

شہید معاذ کشمیری اور شہید عتیق رحمھما اللہ

تحریر: سیف اللہ عمار

گزشتہ دنوں مجاہدین اپنے مراکز کی جانب محو سفر تھے کہ ہمارے دو ساتھی معاذ اور عتیق رحمھما اللہ دشمن کے ڈرون حملے کا نشانہ بن گئے۔

شہید معاذ رحمہ اللہ کشمیر کے شہزادے تھے۔ کشمیری نوجوان تو ویسے ہی حسن کے پیکر ہوتے ہیں۔ وہ بھی ظاہری حسن سے مالا مال تھے مگر اس کے ساتھ ساتھ اللہ جل شانہ نے ان کو باطنی حسن بھی عطا کیا تھا۔ مختصر کہیں تو خوبصورت اور خوب سیرت تھے۔ اور جب یہ دو چیزیں ایک ہی انسان میں جمع ہو جائیں تو انسان ہر کسی کی آنکھ کا تارا بن جاتا ہے۔ تو معاذ شہید رحمہ اللہ بھی مجاہدین کے دلوں میں بستے تھے۔

شہید عتیق رحمہ اللہ کراچی کے رہنے والے تھے۔ دین کا درد اور فکر ان کے دلوں میں گھر کر گئی تھی، جس کی وجہ سے کراچی کو چھوڑ کر اللہ جل شانہ کے دین کے لیے ہجرت کا مشکل اور

کٹھن سفر کیا اور روشنیوں کے شہر سے آزمائشوں کی صف کا حصہ بن گئے۔ گویا اللہ تعالیٰ سے لقاء کا شوق اسے مجاہدین تک لے گیا۔ مگر مجاہدین کے مرکز میں بھی زیادہ ٹائم نہ ٹھہرے وہاں بھی ان کو سکون محسوس نہ ہوا۔
بقول شاعر:
''مرض بڑھتا ہی گیا جوں جوں دوا کی''
اور جلد ہی میدان کارزار کا رخ کرنے لگے۔ سفر میں شاید بلکہ یقیناً ان کا شوق اپنی انتہاء کو پہنچ گیا ہوگا۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان کو وہ چیز عطاء ہی کر دی جس کے لیے انہوں نے اپنے گھر و عزیز و اقارب کو چھوڑا۔

انسان جب اللہ تعالیٰ کے لیے کچھ چھوڑ دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی اس پر انعامات کی بارش کر دیتے ہیں۔
جب ان نوجوانوں نے اللہ کے لیے اپنے وطن کو چھوڑا۔۔۔
والدین سے رخصت لی۔۔۔
بھائیوں اور بہنوں کو الوداع کہا۔۔۔
مال و دولت آسائش و سکون و آرام ترک کیا۔۔۔
کاروبار کے مواقع چھوڑے۔۔۔
اور یہ سب فقط اس مقصد کیلئے کیا جو دین مبین میں مطلوب ہے۔ جس کا اللہ جل شانہ نے حکم دیا ہے۔ تب اللہ تعالیٰ نے بھی ان کو ہجرت کی عظیم سعادت بخشی۔
ان پر اپنی نصرت کے دروازے کھولے اور ان کو خیریت سے مجاہدین تک پہنچا دیا۔ اس کے بعد مجاہدین کی صحبت عطاء کی اور آخر میں وہ عظیم نعمت بھی ان کو عطاء کر دی گئی جس کی خواہش ہمارے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کی تھی۔۔۔
جس کو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے طلب کیا۔۔۔
جو مرتبہ عثمان و علی نے پایا۔۔۔
جس کا انتظار کرتے کرتے خالد بن ولید بستر پر جان دے گئے۔۔۔
ہاں شہادت کا مرتبہ، اور درجہ ہی نہیں بلکہ عظیم شہادت ان کو ملی۔ جسم چھلنی ہوا اور گرد و غبار سے اٹ گیا، اور یہ وہی گرد و غبار تھی جس کے لگنے سے ان پر جہنم کی آگ حرام ہو گئی۔ ان شاء اللہ۔

یقیناً وہ مائیں خوش قسمت ہیں جن کو اللہ جل شانہ ایسے غیور بیٹے دئیے ہیں۔
جو گفتار کے نہیں کردار کے غازی ہوتے ہیں۔
جو صرف علم سے ہی نہیں عمل کی دولت سے بھی مالا مال ہوتے ہیں۔
جن کی آنکھوں میں حیا ہوتی ہے۔
جن کے دلوں میں مظلوم امت مسلمہ کیلئے تڑپتے ہیں۔

معاذ و عتیق میں بھی فکر تھی۔
درد تھا۔
جذبہ تھا۔
کڑھن تھی۔
جی ہاں! آج کل کے دور میں ایسے نوجوان کہاں ملتے ہیں؟
میرے بھائیو! ان نوجوانوں نے اپنے عمل و کردار سے دعوت دی ہے۔ ہم ان کے نقش قدم پر چلیں گے تو ان شاء اللہ کامیابی ہمارا مقدر بنے گی۔
آئیے ہجرت و جہاد کی راہوں میں مجاہدین پاکستان کے ہمرکاب بن جائیے۔

موجودہ نظام پر تنقیدوں کے باوجود اسلامی نظام سے اجنبیت کیوں؟

سیف اللہ فقیر

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آج کل ہر عام پاکستانی ملک کے حالات سے تنگ آ چکا ہے، پاکستان پر رائج نظام سے باغی اور پاکستان پر قابض سیاسی، ملٹری اور عدالتی اور بیوروکریسی کے مظالم کا شکار ہے۔ مگر اس کے باوجود اگر وہ خاموش ہے تو۔۔۔

لاپتہ ہونے کی ڈر سے۔۔۔

ایجنسیوں کی ٹارگٹ کلنگ کے خوف سے۔۔۔

جعلی مقابلے سے بچنے کی خاطر۔۔۔

اور جان جانے کی سوچ سے۔۔۔

اسی لیے وہ ہر ظلم و ناانصافی برداشت کرتا چلا آرہا ہے۔

ہر ذی شعور پاکستانی کو معلوم ہے کہ پاکستان میں اگر کوئی طبقہ خوشحال ہے تو وہ اداروں کے اعلی افسران یا پھر حکومت میں شامل سرمایہ دار سیاست دان ہی ہیں۔ عوام پہلے بھی اچھی زندگی گزارنے کے لیے بھٹک رہے تھے اور آج بھی اسی کوشش میں یونان اور لیبیا کے سمندروں میں ڈوب رہے ہیں۔ لیکن طبقہ بالا ہمیشہ کی طرح آج بھی اپنے اندرون و بیرون ممالک کے محلوں میں شاہانہ زندگی گزار رہا ہے۔

یہاں میرا یہ سوال عام پاکستانیوں سے نہیں بلکہ پاکستان کے قابل اور دیانت دار معاشی ماہرین، مختلف ذمہ داران، دینی طبقہ، معزز سماجی رہنماؤں اور حریت پسند صحافیوں سے ہے کہ آخر جب وہ اس نظام کے خلاف لکھتے اور بولتے ہیں تو اسلامی نظام کی حمایت کیوں نہیں کرتے؟ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ بھی سمجھتے ہیں کہ یہ نظام ہمارے مسائل حل نہیں کرسکتا اور اس نظام سے بہتری کی توقع رکھنا ہی فضول ہے تو پھر اس کے مقابلے میں اسلامی نظام کی بات کیوں نہیں کرتے اور ان سمیت ہر کسی کی اسلامی نظام سے اتنی بے رخی کیوں ہے؟

میں یہاں چند مضامین کا اقتباس بھی لکھوں گا تاکہ پاکستانی عوام و خواص کو بھی پتہ چلے کہ اس نظام کو صرف طالبان ہی برا نہیں سمجھتے بلکہ مختلف شعبوں کے معزز ماہرین بھی اس نظام سے باغی ہو چکے ہیں۔

پاکستان کے مشہور سائنس دان اور کالم نگار ڈاکٹر عطاء الرحمان نے ۱۲ دسمبر کو "ٹیکنوکریٹ جمہوریت کی ضرورت" کے عنوان سے ایک کالم لکھا، جس میں انہوں نے مختلف ممالک کے معاشی و سیاسی نظام پر بات کی مگر انہوں نے اس سب کو ٹیکنوکریٹ جمہوریت بنا کر پیش کیا، یہ انکی اور اخبار کی شاید مجبوری ہو کہ وہ کھل کر جمہوریت کے خلاف نہ لکھ سکتے ہوں مگر ان کی گفتگو میں اہم بات یہ تھی کہ وہ دیانت دار اور ماہرین پر مشتمل لوگوں کی ٹیم کو حکومت میں شامل کرنے کی بات کرتے ہیں۔

وہ لکھتے ہیں:

"متعدد جمہوری حکومتوں کے بعض بدعنوان اقدامات، حکومتی معاہدوں میں بین الاقوامی توانائی کے پراجیکٹس کے تناظر میں جھلکتے ہیں، جنہوں نے ہماری صنعت کو تباہ اور عوام کو لاچار کردیا۔ ہمارے مسائل کے حل کے لیے موجودہ پالیسیوں میں انقلابی تبدیلی کی ضرورت ہے۔ ہمیں اس دور میں سماجی و اقتصادی ترقی میں علم کی اہمیت کو سمجھنا ہوگا اور معیاری تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت طرازی کو اپنی حکومتی پالیسیوں کا بنیادی ستون بنانا ہوگا۔ ہمیں فوری طور پر ایک ایماندار اور پربصیرت تکنیکی ماہرین پر مشتمل حکومت کی

ضرورت ہے۔ تکنیکی ماہرین پر مشتمل انتظامیہ بدعنوانی کے امکانات کو کم کر سکتی ہے۔ کیونکہ ان کا انتخاب سیاسی وابستگیوں کی بجائے مہارت اور میرٹ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ ماہرانہ صلاحیتوں اور تکنیکی مہارتوں پر مشتمل ایک ٹیکنوکریٹ حکومت پیچیدہ اور کثیر جہتی مسائل کو بہتر طور پر نمٹا سکتی ہے۔"

ایک اور کالم اسی مہینے کی پانچ تاریخ کو جنگ اخبار میں ریٹائرڈ جج شاہد جمیل نے لکھا۔ جس میں انہوں نے حکمرانی پر قابض لوگوں کی غیر قانونی سرگرمیاں بتائی ہیں۔ جج صاحب نے لکھا ہے کہ انہوں نے ضمیر کی آواز پر استعفی دے دیا ہے کیونکہ بطور جج بھی غیر قانونی کاموں کو نہیں روک سکتے تھے۔

جج صاحب رقم طراز ہیں:

"تعلیم، ہاؤسنگ سکیم اور صحت حکومت کے بنیادی فرائض میں شامل ہے لیکن اس مملکت خداداد میں اسے نجی شعبے کے حوالے کر دیا گیا ہے اور اس کاروبار کو کرنے والے دیکھتے دیکھتے ارب پتی بن گئے ہیں۔ یہ دولت قانون شکنی کے بغیر حاصل کرنا ناممکن ہے۔ میں نے ان تینوں شعبوں میں لوگوں کے بنیادی حقوق کی پامالی کا نوٹس لیا اور ان مفاد عامہ کے مقدمات کو کچھ عرصہ چلایا کچھ خاطر خواہ کامیابی اس لیے نہ ہوئی کہ اس کاروبار کو چلانے والے بالواسطہ اور بلاواسطہ حکومت اور مقننہ میں موجود ہیں"

ان دونوں مختلف شعبوں کے ماہرین نے اپنے اپنے انداز میں حالیہ جمہوری نظام کی دبے لفظوں میں تنقید کی ہے۔ اسی طرح کئی صحافی، کالم نگار اور ماہرین اس نظام پر عدم اعتماد کا اظہار کر چکے ہیں۔ بہت لوگ مایوس ہو کر انفرادی طور پر فلاحی کاموں میں مصروف ہو گئے ہیں۔ ہم اس مضمون کے ذریعے ان تمام ماہرین سے (جو پاکستان کو مسائل سے نکالنے کی اہلیت رکھتے ہیں) پوچھتے ہیں کہ جمہوری نظام کی بدترین کارکردگی کے باوجود اور مسلمان ہونے کے باوجود اسلامی نظام سے اجنبیت کیوں؟۔

ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات

عمر دیبلی

جب جب دنیا میں اعلائے کلمۃ اللہ کیلئے اسلامی تحریکات کھڑی ہوتی ہیں تب تب ان دین کے متوالوں کے ساتھ ساتھ عام مسلمانوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جن کا ان تحریکوں سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ شعوری یا غیر شعوری طور پر خود کو یا اپنے خاندان کو، یا اپنی معیشت کو، یا اپنے گھر کو ان تکالیف سے بچانا چاہتا ہے جو اس راستے میں پیش آتی ہیں۔ جبکہ دین کے متوالے تو نکلتے ہی اسی لئے ہیں کہ ہم اللہ کے راستے میں اپنی جاں کا نذرانہ پیش کریں گے لیکن یہ اللہ سبحانہ و تعالی کی سنت ہے کہ جب ایک انقلاب کا راستہ بنتا ہے تو سب لوگوں کو قربانیاں دینی پڑتی ہیں خواہ وہ اس کے لئے ذہنی طور پر تیار ہو یا نہ ہو۔

بات کرنے کا مقصد ایک خاص نقطے کی طرف مسلمانوں کی توجہ دلانا ہے کہ جب ان کے خطے کی طرف کوئی اسلامی جماعت یا تحریک پیش قدمی کرتی ہے تو ایسے وقت میں وہ مسلمان جن کو نہ دین دشمن سے کوئی سروکار ہے اور نہ اسلام پسندوں سے، سب سے زیادہ وہ پستے ہیں۔ کیونکہ بے دین خصوصا صاحب مال و زر گھرانے تو ایسے حالات بھانپ کر فوراً دیگر ممالک فرار ہوجاتے ہیں لیکن وہ لوگ جو نہیں جاسکتے، بہت ظلم سہہ لیتے ہیں۔

اس کی ایک وجہ تو ان کی اسلام سے دوری یا میٹھا اور ٹھنڈا اسلام ہے، جس کی وجہ سے وہ یہ سمجھ رہے ہوتے ہیں کہ ہم کو کوئی نقصان نہیں ہوگا ہم نے نہ ہی کبھی کسی اسلام پسندوں سے تعلق قائم کیا اور نہ ہی کبھی دین دشمنوں سے دشمنی مول لی لیکن یہ ان کی غلطی ہے۔ شام کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ وہاں کے مسلمان بالخصوص سنی مسلمان حافظ الاسد کے دور سے ہی تکالیف و سختیاں برداشت کر رہے تھے۔ جیسا کہ آج کل پاکستان کے ظاہری حالات دیکھ کر لگتا ہے کہ سب کچھ ٹھیک چل رہا ہے لیکن اندرون خانہ ظلم، جبری گمشدگیاں اور جعلی مقابلوں میں شہادتیں کہاں تک پہنچ گئیں؟۔ شام کے مسلمانوں نے بھی اس کے خلاف جب احتجاج شروع کیے اور تحریک چلائی تو ان پر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے، جس سے کوئی بھی گھرانہ متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکا چاہے وہ شہادت ہو، گمشدگی ہو یا دربدری و معذوری، لیکن بہرحال ان سب آزمائشوں سے گزرنے کے بعد ہی اللہ تعالی نے ان کی بھرپور مدد کی۔

پاکستان کے مسلمانوں کی توجہ اسی بات کی طرف کرانا چاہتا ہوں کہ دنیا کے اندر حالات تیزی سے بدل رہے ہیں اور کوئی بھی شخص چاہے وہ کسی بھی خطے میں ہو زندگی کے کسی بھی شعبے سے ہو یا کسی بھی عمر میں ہو اپنے آپ کو ان بدلتے ہوئے حالات سے بچا نہیں سکتا۔ افغانستان میں تو پھر بھی بیس سال لگے۔ شام میں تیرہ سال لگے اور غزہ کے اندر بھی ایک تاریخی تبدیلی آئی ہے۔ اسی طرح پاکستان بھی دنیا کے ان ممالک میں سے ہے جس میں تیزی سے تبدیلی آرہی ہے۔ چاہے ملک کی دفاعی صورتحال ہو یا معاشی، ہر چیز سقوط کی طرف جارہی ہے۔ پاکستانی قوم ایک ایسے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے کہ اب ان کے لوگوں کو صبح شام کی دوڑ سے نکل کر سوچنا چاہیئے کہ حالات کا تقاضا کیا ہے اور حالات ہمیں کس طرف اشارہ دے رہے ہیں؟۔

حالات سے باخبر رہیں:

سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اکثر مسلمان دنیا کے دھندوں میں اس طرح گم ہو چکے ہیں کہ ان کو دنیا کے حالات سے کوئی

سروکار ہی نہیں ہے کہ جب وہ خبروں میں سنتے ہیں کہ شام میں جنگ ہورہی ہے تو وہ یہ سوچتے ہیں کہ جنگ تو وہاں ہورہی ہے ہمارے پاکستان میں نہیں ۔ شام کے مسلمانوں اور غزہ کے مسلمانوں پر اسرائیل یا روس یا امریکہ بمباری کر رہا ہے تو ان کے ماتھے پر کوئی بل نہیں آتا ۔ وہ اسی خوش فہمی میں مبتلا ہے کہ شامی عورتیں اور بچے مر رہے ہیں میرے تو نہیں ۔ لیکن اگر وہ اس پر غور کرے تو یہ ایک دھوکے میں وہ پھنسا ہوا ہے جب شام میں حالات خانہ جنگی کی طرف گئے تو وہاں بھی مسلمان روزمرہ کی طرح دنیا کے جھمیلوں میں گھرے ہوئے تھے ۔ اور بالآخر جاگ گئے، تو یہی کچھ پاکستان میں بھی ممکن بلکہ قریب ہے ۔

دشمن کو پہچانیں :

پاکستان کے مسلمانوں کو چاہیے کہ کبوتر کی طرح آنکھیں بند نہ کریں، بلکہ آنکھیں کھول کر اور دماغ استعمال کر کے اپنے دشمن کو پہچانیں ۔ اور اپنے دشمن کو صرف پہچاننا ہی مقصود نہیں ہے بلکہ اسے پہچان کر دوست کی صف میں کھڑا ہونا مقصود ہے ۔

اپنے دفاع کا سامان کریں :

اگر پاکستان میں خانہ جنگی جیسے حالات بن گئے تو اس فوج کے ساتھ ساتھ بہت سی اور طاقتیں بھی ہیں جو اس انتظار میں بیٹھی ہیں کہ جیسے ہی ان کو موقع ملے وہ مسلمانوں کا خون بہائیں، جس طرح انہوں نے شام و عراق میں بہایا ہے ۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ اپنے دفاع کا سامان پیدا کریں تاکہ کسی بھی ناخوش گوار حالات میں کم از کم آپ اپنے اہل و عیال کا دفاع تو کر سکیں ۔

اپنے سرمایے کو محفوظ کریں :

جب سے دنیا بنی ہے تو دنیا کی اصل کرنسی سونا چاندی ہی ہے لہذا یہ سب بینک اکاؤنٹ، ایزی پیسہ وغیرہ سے اپنے سرمائے کو نکالیں اور سونے کی اصل حالت میں رکھیں ۔ سونا ایک ایسی چیز ہے کہ پوری دنیا میں کہیں بھی کارآمد ہے چاہے آپ کسی بھی مشکل میں ہو اور دنیا کے کسی بھی ملک میں ہوں ۔ یا کم از کم اپنی کاغذی کرنسی ہی کو نقد میں رکھیں تاکہ بوقت ضرورت کام آسکے ۔ ایسا نہ ہو کہ وہاں حالات خراب ہوں اور یہاں آپ کا اکاؤنٹ بلاک ہوجائے ۔

مجاہدین کی نصرت کیجئے :

پاکستان کے مسلمانوں سے یہ بھی ایک گزارش ہے کہ خدارا! ان مجاہدین کی مدد و نصرت کیجئے جو اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے محاذ پر سرگرم ہیں اور جان و مال سے بھی بلکہ کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کر رہے ہیں ، اور پاکستان کے مسلمانوں کی بقاء ، ان کی عزت و آبرو ، دین و دنیا کی خاطر اپنا سب کچھ چھوڑ کر اس راہ پر خطر میں اپنی کوششوں میں مصروف ہیں ۔

تم شہرِ اماں کے رہنے والے
درد ہمارا کیا جانو
ساحل کی ہوا تم موج صبا
طوفان کا دھارا کیا جانو

حق و سچ کی تلاش کریں

عبداللہ مجاہد

اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر ایک فطری صلاحیت رکھی ہے کہ وہ دلائل و حقائق کو دیکھ کر حق کو پہچان سکتا ہے یعنی حق و باطل میں تمیز کر سکتا ہے۔ اگر انسان کو سمجھ نہ آ رہی ہو تو علماء اہل حق موجود ہیں۔ وہ شریعت اسلامیہ کی روشنی میں آپ کو جواب دیں گے کہ حق کیا ہے اور حق پر کون ہے۔ لیکن اگر کوئی از خود یا کسی سے پوچھ کر اور حق جان کر بھی عناد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے حق پہچاننے کی صلاحیت جو کہ فطری طور پر اللہ جل شانہ نے اس کو عطا کی ہوتی ہے چھین لیتے ہیں۔ تو حق کو جھٹلانے کی سزا ہی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے حق پہچاننے کی صلاحیت سلب کر لیتے ہیں اور پھر ان کے دلوں پر مہر لگا دی جاتی ہے۔ وہ بسبب اپنے اعمال کے اندھے بہرے اور گونگے ہو جاتے ہیں۔

جیسا کہ قرآن کریم میں اللہ جل شانہ کا ارشاد ہے :

"خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿البقرہ ۷﴾"

ترجمہ :

"اللہ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مہر لگا دی ہے (۹) اور ان کی آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ہے اور ان کے لئے زبردست عذاب ہے۔"

مفتی تقی عثمانی صاحب اس کی آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں :

"اس آیت میں یہ واضح فرمایا گیا ہے کہ ضد اور ہٹ دھرمی بڑی خطرناک چیز ہے، اگر کوئی شخص ناواقفیت یا غفلت وغیرہ کی وجہ سے کسی غلطی کا ارتکاب کرے تو اس کی اصلاح کی امید ہو سکتی ہے ؛ لیکن جو شخص غلطی پر اڑ جائے اور تہیہ کر لے کہ کسی بھی حالت میں بات نہیں ماننا ہے، تو اس کی ضد کا آخری انجام یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے دل پر مہر لگا دی جاتی ہے جس کے بعد اس سے حق کو قبول کرنے کی صلاحیت ہی ختم ہو جاتی ہے، اللہ تعالیٰ اس حالت سے محفوظ رکھے، لہذا اس پر شبہ نہیں ہونا چاہیے کہ جب خود اللہ تعالیٰ نے ان کے دل پر مہر لگا دی تو معذور ہو گئے اس لئے کہ یہ مہر لگانا خود انہی کی ضد اور تہیہ کرنے کا نتیجہ ہے کہ حق بات نہیں ماننی۔"

اللہ اکبر! باطل پر اندھی پختگی اور حق پر دلائل ہونے کے باوجود حق کو نہ ماننا انتہائی بری چیز ہے۔ جس کا نقصان یہی ہے کہ ایسے شخص کو سمجھانا یا نا سمجھانا برابر ہو جاتا ہے۔ حق کو نہ ماننا بہت ساری وجوہات کی بنا پر ہو سکتا ہے۔ اندھی عقیدت اور شخصیت پرستی اس حوالے سے دو بڑی مہلک چیزیں ہیں جس نے آجکل نصف سے زائد دنیا کو لپیٹ میں لے لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے شر سے امت مسلمہ کو بچائیں۔ آمین۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت ساری وجوہات ہیں جن کی وجہ سے انسان حق کو نہ ہی پہچانتا ہے اور نا ہی مانتا ہے۔

اسی طرح تحریک طالبان پاکستان پر خوارج اور دہشت گردی سمیت مختلف ٹھپے لگانے والے لوگ اگر دلائل و قرائن کی راہ پر چل پڑیں تو یقینا انہیں الگ دنیا دیکھنے کو ملے گی مگر مسئلہ وہی ہے کہ انہوں نے باطل پر ٹکے رہنے کی قسم کھا رکھی ہے کہ ہم نے نہ تو خوارج کو جاننا ہے اور نہ ہی فوج کے موقف پر دلائل کو تلاشنا ہے، بس یہی ہمارے بڑے ہیں انہوں نے جو کہا وہی حق ہے۔ لہذا اس راہ میں فوج کی حمایت کرنے والے سمجھ لیں کہ فوج نے ایک فقہی اور کتابی لفظ کا استعمال کر کے قوم کو گمراہ کر کے رکھ دیا ہے، جس کا ایک مقصد ملک سے اسلامی نظام کے نام لیواؤں اور اس نظام کو مٹانا اور ختم کرنا ہے مگر اس میں ناکامی ہی ان کا استقبال کرے گی۔ ان شاء اللہ العزیز۔

